آسٹریلیا کے وزیر خارجہ باب کار نے اپنے خصوصی پیغام میں پاکستان اور دنیا کے دوسرے حصوں میں بسنے والے مسلمانوں کو رمضان المبارک کی آمد پر اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ھے

اپنے اس خصوصی پیغام میں انہوں نے کھا کہ رمضان کریم عبادت اور ریاضت کا مہینہ ہے اور یہ روزہ داروں کی فہم و فراست، ہم آہنگی اور باہمی تعلقات کی عکاسی کرتا ھے

رمضان المبارک معاشرے میں ہم آہنگی اور دوستوں رشتہ داروں میں مل بیٹھنے کا ذریعہ ھے

وزیر خارجہ نے آسٹریلوی معاشرے کی ترقی اور بیرونی دنیا میں مسلمانوں کے روابط کے کردار پر زور دیتے ہوے کہا کہ آسٹریلیا پانچ لاکھ مسلمانوں کا گھر ہے اور اسلام آسٹریلیا کا چوتھا بڑا مذہب ہے۔ اس میں بسنے والے مسلمانوں کا تعلق ساٹھ مختلف نسلوں سے ہے۔

باب کار نے کہا کہ آسٹریلیا دنیا میں اور خاص طور پر مسلمان ممالک بشمول پاکستان، انڈونیشیا، ملائشیا، افغانستان، خلیجی ریاستوں اور مصر میں مسلم معاشروں کے ساتھ بین العقائد اور بین الثقافتی بنیادوں کے فروغ کی بات کرتا ہے۔ انہوں نے نسلی اور مذہبی رواداری پر زور دیا اور کہا کہ اس مقصد کے حصول کے لیے آسٹریلیا اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔